www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



[redacted]

پروفیسر عبدالجبار شاکر

| | |
|---|---|
| نام | سیرۃ امام الانبیاء ﷺ |
| مصنف | محمد منیر قمر |
| صفحات | 401 |
| ناشر | مکتبہ کتاب و سنت، ریحان چیمہ، ضلع سیالکوٹ |

سیرتِ نبوی ﷺ ایک سدا بہار موضوع ہے جس پر دنیا کی ہر زندہ زبان میں ہدیۂ تبریک پیش کیا گیا ہے مگر اس میں عربی زبان کے بعد اردو کو یہ تفوق حاصل ہے کہ خالص موضوعِ سیرت پر اس میں سینکڑوں کتابیں اور ہزاروں مقالات شائع ہو چکے ہیں اور لاکھوں خطبات و مواعظ اہلِ حق کے عزم و یقین میں اضافہ کا باعث بنتے ہیں۔ پیشِ نظر کتاب سیرتِ نبوی ﷺ پر کوئی مستقل تصنیف کے طرز پر نہیں لکھی گئی بلکہ اولاً یہ ان تقاریر کی شکل میں تھی جو محترم مولانا محمد منیر قمر صاحب نے متحدہ عرب امارات کی ایک ریاست "ام القیوین" کے ریڈیو اسٹیشن کی اردو سروس میں پیش کیں اور ثانیاً انہیں افادۂ عام کے لئے ایک اور فاضل محترم حافظ ارشاد الحق صاحب نے مرتب کرکے موجودہ تصنیفی صورت میں ہمارے سامنے پیش کیا ہے۔ ان تقاریر اور اس کتاب کے فاضل مقرر اور مصنف ان دنوں اُم القیوین ہی میں شرعی کورٹ کے مترجم کی حیثیت سے اپنی منصبی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔

سیرتُ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے موضوع پر اس ذخیرۂ تقاریر میں بعض موضوعات پر ایسا تحقیقی، تنقیحی اور ترصیفی مواد اور لوازمہ سامنے آیا ہے جس نے سیرت نگاری میں ایک نئے اسلوب سے شناسائی پیدا کی ہے۔ سیرت نگاروں کے ہاں عموماً ایسے واقعات اور حالات کو بھی پیش کر دیا گیا ہے جنہیں محض ان سیرت نگاروں کے قلم نے عجائب خانۂ عقیدت بنا کر رکھ دیا ہے۔ ہمارے ہاں اس موضوع کے مصنفین کو شاید اس امر کا لحاظ نہیں ہوتا کہ تاریخی اور سوانحی وقائع اور حالاتِ سیرت کے بیان میں ایک جوہری فرق ملحوظِ خاطر ہونا چاہئے۔ عام تاریخی وقائع سے تو کسی قاری کی محبت یا نفرت میں کمی بیشی ہو سکتی ہے مگر وقائعِ سیرت کے ساتھ ایمان و عمل کا ایک پہلو وابستہ ہے جو شرعی منہاج میں ایک نازک مسئلے کی حیثیت اختیار کرلیتا ہے۔ اس معیارِ سیرت کو پیشِ نظر رکھا جائے تو ہماری زبان میں علامہ شبلیؒ، سید سلیمان ندویؒ، قاضی سلیمان منصور پوریؒ اور مولانا صفی الرحمن مبارکپوریؒ جیسے چند سیرت نگار ایسے سامنے آئے ہیں جن کے ہاں حزم و احتیاط کا وہ پہلو پیشِ نظر رکھا گیا ہے، جو سیرت کے لئے ناگزیر ہے۔ مولانا محمد



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



منیر قمر صاحب اس اعتبار سے ہمارے خصوصی شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے "سیرت امام الانبیاء" صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تحریر" کرتے ہوئے واقعاتِ سیرت کے بیان اور انتخاب میں اس شرعی ذمہ داری کو پیشِ نظر رکھا ہے، جو اس موضوع کا ایک ناگزیر تقاضا ہے۔

سیرتِ نبوی ﷺ پر اس کتاب کے پہلے نصف سے غالب حصے میں سیرتِ نبوی ﷺ کے چند اہم موضوعات پر خطبات ملتے ہیں۔ حصۂ ثانی میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تذکارِ مبارک اور اہلِ بیتؓ کے مناقب پیش کئے گئے ہیں۔ حصۂ سیرت میں قبل از ولادت کی سیرت کے عنوان سے کچھ تحقیقی مباحث پیش کئے گئے ہیں۔ پھر بعد ولادت اور قبل بعثتِ نبوت کے وقائع ہیں، ازاں بعد مکی اور مدنی زندگی کے معروف حالات و واقعات کو موضوعِ سخن بنایا گیا ہے۔ ان میں سے بعض مباحث میں جو عقلی اور نقلی استدلال پیش کیا گیا ہے وہ لائقِ اعتناء اور قابلِ توجہ ہے۔ مثلاً بشارات، آفتابِ نبوت کے لئے ملک عرب کا انتخاب، عید میلاد کی شرعی حیثیت، اولادِ رسول ﷺ، عقیدۂ مختارِ کُل، معجزاتِ رسول ﷺ اور وقائع ہجرت میں جو علمی اور تحقیقی اسلوب اختیار کیا گیا ہے، وہ اس کتاب کی علمی ثقاہت پر ایک شاہدِ عادل ہے۔

اس کتاب کے دوسرے حصہ میں مقامِ صحابیت پر ایک متوازن بحث ملتی ہے پھر خلفائے راشدین کا تذکار ہے۔ اس موضوع کو ہمارے مؤرخین کے قلم اور اسلوب کے عدمِ اعتدال نے اور جادۂ تحقیق سے انحراف کے عمل نے ایک علمی اور تحقیقی خار زار بنا رکھا ہے۔ فاضل مقرر اور مصنف نے ان موضوعات پر بھی بہت سنبھل کر اور عین انصاف کے ساتھ بات کی ہے۔ ازواج و بناتِ رسول ﷺ کے ضمن میں بھی عمدہ تحقیقی مباحث تحریر کئے گئے ہیں۔ مناقبِ اہل بیت کو جس خوشگوار اور علمی استدلال اور اسلوب کے ساتھ پیش کیا گیا ہے اس سے اُمت میں وحدت کے تصور کو تقویت ملے گی اور اہلِ علم کو مسائل کی حقیقت اور نوعیت کو جانچنے کا موقع ملے گا۔

اس کتاب کا اُسلوب بہت متوازن ہے۔ الفاظ و تراکیب کا انتخاب بہت جاندار ہے جس کے باعث ایمانی جذبات و احساسات کو بہت تقویت ملتی ہے۔ مذہبی اور دینی کتب میں عام طور پر جو اُسلوبِ تحریر اختیار کیا جاتا ہے اس میں ادبی شان مفقود ہوتی ہے مگر پیشِ نظر کتاب خالص ادبی اعتبار سے بھی ایک لائقِ مطالعہ تحریر ہے۔ کتاب کے آخر میں عربی اور دیگر کتب کے حوالے سے وہ مراجع اور مصادر بھی فراہم کر دیئے گئے ہیں جن سے ان تقاریر کا لوازمہ حاصل کیا گیا ہے۔ ہم فاضل مصنف سے اس امر کی بجا طور پر توقع رکھتے ہیں کہ ان کا اشہب قلم مستقبل میں بھی چند اور اہم دینی موضوعات پر دادِ تحقیق دے گا۔ ان شاء اللہ ــــــــــــــ



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ